© rasailojaraid.com



☆ مجمع الفقہ الاسلامی جدہ اور عالمی ادارہ صحت کی دعوت پر عالمی کانفرنس جدہ تشریف لے گئے جس کی صدارت امام کعبہ شیخ صالح بن حمید نے کی ۔مولانا سید یوسف شاہ بھی حضرت مہتمم صاحب کے ہمراہ تھے۔

☆ ۱۰ ستمبر کو عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت مردان کی دعوت پر ختم نبوت کانفرنس میں تشریف لے گئے اور خصوصی خطاب فرمایا۔

☆ ۱۳ ستمبر کو عید الاضحیٰ کے موقع پر اکوڑہ خٹک کی عیدگاہ میں نماز عید پڑھائی اور مفصل خطاب فرمایا۔

## شیخ الاسلام مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب کی دارالعلوم آمد

شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہ ۷ ستمبر کو دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے ۔آپ کے ہمراہ پیر طریقت حضرت مولانا مفتی مختار الدین صاحب خلیفہ مجاز شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب (کربوغہ شریف) سینیٹر طلحہ محمود، نامور عالم دین معروف خطیب جامعۃ الرشید کے ڈائریکٹر مولانا مفتی سید عدنان کاکاخیل تھے۔

## مسافران آخرت

حضرت مولانا عبدالحنانؒ فاضل دیوبند کے بیٹے اور حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کے ماموں زاد بیٹے پروفیسر عبید الرحمٰن صاحب طویل علالت کے بعد بروز بدھ ۲۱ ستمبر ۲۰۱۶ء کو انتقال کر گئے ۔مرحوم دارالعلوم کے استاد مولانا نقیب احمد، ڈاکٹر مجیب الرحمٰن کے والد محترم تھے، نماز جنازہ حضرت مہتمم صاحب نے پڑھایا علاقہ بھر سے علمائے کرام اور عام وخاص نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

مولانا اکرم ہمدانی جمعیت علماء اسلام کے اہم رہنما اور دارالعلوم کے انتہائی مخلص ممبر وفات پاگئے قارئین سے دعائے مغفرت کی اپیل ہے، قاری محمد امین صاحب جامعہ عثمانیہ درکشالی کے بانی کی صاحبزادی، قاری اخلاق احمد، قاری حسنات احمد کی ہمشیرہ انتقال فرماگئیں سب کے رفع درجات کی دعا کی جاتی ہے۔

## اساتذہ دارالعلوم کی حج بیت اللہ کی زیارت

الحمدللہ جامعہ کے اساتذہ کرام نے اس سال بھی حرمین شریفین کا سفر کیا اور حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کی ۔جن میں شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد ادریس صاحب، راقم حامد الحق حقانی، مفتی مختار اللہ حقانی، مولانا عرفان الحق، مولانا محمد اسرار، مولانا ظفر الحق، مولانا شیر عالم، مولانا حمایت الحق، مولانا فیض الاسلام، مولانا رشید الاسلام، عمار شفیق، عبدالحق ثانی، حذیفہ شفیق وغیرہ شامل ہیں ۔ان حضرات نے مقامات مقدسہ میں جامعہ دارالعلوم حقانیہ کی ترقی اور دشمن کے شر و فتن سے حفاظت کی دعائیں مانگیں۔

© rasailojaraid.com